نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

25 ِمئی 2011ء

برائے فوری اجراء

108/2011

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے پشاور میں پولیس اسٹیشن پر دہشت گرد حملے کی مذمت

اسلام آباد (25 ِمئی 2011ء)___ امریکی سفارتخانہ نے آج پشاور میں پولیس اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ ہم اس حملے کے نتیجے میں جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کے عزیز و اقارب کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔

اس تازہ ترین بربریت کے مرتکب متشدد انتہا پسندوں نے ان عناصر کی طرح جنہوں نے ملک بھر میں بم دھماکے اور حملے کئے، یہ دکھا دیا ہے کہ وہ باز نہیں آئیں گے کیونکہ ان کا مقصد قتل و غارت گری اور دہشت زدہ کرنا ہے۔

امریکہ ان دہشت گردوں کے خلاف جو پاکستان کے امن، خوشحالی اور خودمختاری کے لیے خطرہ ہیں، مشترکہ نصب العین میں پاکستان کے ساتھ ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov